1037 ـ جب خاوند اوربیوی دونوں اسلام قبول كرلیں تو عقدنكاح كی تجدید نہیں ہوگي

سوال

جب خاوند اوربیوی دونوں اسلام قبول کرلیں تو کیا ان کا نکاح دوبارہ کرنا واجب ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

(کفار کا نکاح صحیح ہے اورجب وہ مسلمان ہوجائیں تو وہ اسی نکاح پررہیں گے ۔۔۔ ان کے عقد نکاح کی صفت اورکیفیت کو نہیں دیکھا جائےگا اورنہ ہی ان کے نکاح کے لیے مسلمان کے نکاح کی شرطیں معتبر شمار ہوں گی کہ اس کے لیے بھی ولی اورگواہ ، اورایجاب وقبول وغیرہ ہونا ضروری ہے اس میں مسلمانوں کے مابین کسی بھی قسم کا اختلاف نہیں ۔

ابن عبدالبر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

علماء کا اس پر اجماع ہے کہ جب خاوند اوربیوی دونوں ایک وقت میں اکٹھے مسلمان ہوجائیں تو وہ اپنے نکاح پر ہی رہیں گے جب تک کہ ان میں کسی نسب اور رضاعت کی ممانعت نہ ہو ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں بہت ساری خلقت مسلمان ہوئي اوران کی عورتیں بھی مسلمان ہوگئیں اورانہیں انہیں کے نکاح پر قائم رکھا گیا ، اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ان کے نکاح کی شروط کے بارہ میں سوال بھی نہیں کیا اور نہ ہی اس کی کیفیت کے بارہ میں پوچھا ، یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو تواترکے ساتھ معلوم ہے ۔۔۔۔۔)

واللہ اعلم .